اسلامک اسٹڈیز 2014ء

وقت 3 گھنٹے | کل نمبر 75

حصہ "الف" (کثیر الانتخابی سوالات) (نشانات 20)

سوال نمبر۱:۔ مندرجہ ذیل میں سے ہر ایک کیلئے درست جواب منتخب کیجئے:

(i) جو شخص چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں وسعت ہو اسے چاہیے کہ:
(الف) نمازیں پڑھے (ب) صدقہ کرے (ج) زکوٰۃ دے (د) صلہ رحمی کرے

(ii) حضرت مریم علیہ السلام کے بیٹے کا نام تھا:
(الف) موسیٰ علیہ السلام (ب) عیسیٰ علیہ السلام (ج) خضر علیہ السلام (د) یونس علیہ السلام

(iii) حضرت اسحاق رضی اللہ عنہ کے والد کا نام تھا:
(الف) نوح علیہ السلام (ب) اسماعیل علیہ السلام (ج) ابراہیم علیہ السلام (د) لوط علیہ السلام

(iv) تورات کو محفوظ کرنے کے لیے کندہ کرایا حضرت:
(الف) عیسیٰ علیہ السلام نے (ب) موسیٰ علیہ السلام نے
(ج) داؤد علیہ السلام نے (د) اسماعیل علیہ السلام نے

(v) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹوں کی تعداد تھی:
(الف) ۲ (ب) ۳ (ج) ۴ (د) ۵

(vi) عربی قواعد کی رو سے ضمیر کی قسمیں ہیں:
(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

(vii) مشہور چبوترہ "صفہ" موجود ہے:
(الف) مکہ میں (ب) مدینہ میں (ج) طائف میں (د) جدہ میں

(viii) غزوۂ بدر میں مسلمانوں کے مقابلے میں کفار کی تعداد تھی:
(الف) 1013 (ب) 315 (ج) 1000 (د) 313

(ix) نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا دندان مبارک شہید ہوا غزوۂ:
(الف) بدر میں (ب) احزاب میں (ج) احد میں (د) تبوک میں

(x) دادا کے انتقال کے وقت نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر تھی:
(الف) 4سال (ب) 5سال (ج) 6سال (د) 8سال

(xi) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے کا نام تھا حضرت:
(الف) لوط علیہ السلام (ب) اسحاق علیہ السلام (ج) یوسف علیہ السلام (د) یعقوب علیہ السلام

(xii) "ذبیح اللہ" لقب تھا حضرت:
(الف) ابراہیم علیہ السلام کا (ب) اسماعیل علیہ السلام کا
(ج) یعقوب علیہ السلام کا (د) نوح علیہ السلام کا

(xiii) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو گرفتار کیا:
(الف) رومی گورنر نے (ب) مصری گورنر نے (ج) شامی گورنر نے (د) ایرانی گورنر نے

(xiv) جو نماز میں کاہلی سے کھڑے ہوتے ہیں، وہ کہلاتے ہیں:
(الف) عیسائی (ب) منافق (ج) کافر (د) مشرک

(xv) ایمان کی ضد ہے:
(الف) کفر (ب) شرک (ج) نفاق (د) جھوٹ

(xvi) حلف الفضول مسلمانوں کا سب سے پہلا معاہدہ تھا:
(الف) بھائی چارہ کا (ب) جنگ کا (ج) امن کا (د) مفاہمت کا

(xvii) رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے:
(الف) 570ء میں (ب) 571ء میں (ج) 572ء میں (د) 573ء میں

(xviii) بنی اسرائیل کے لیے نجات دہندہ بن کر تشریف لائے حضرت:
(الف) عیسیٰ علیہ السلام (ب) موسیٰ علیہ السلام (ج) آدم علیہ السلام (د) یونس علیہ السلام

(xix) امت کا اجتماعی فریضہ ہے:
(الف) زکوٰۃ (ب) حج (ج) عمرہ (د) جہاد

(xx) جانوروں کو آپس میں لڑانا ہے:
(الف) گناہ (ب) ناجائز (ج) حرام (د) یہ سب

حصہ "ب" (مختصر جواب کے سوالات) (نشانات 50)

نوٹ: اس حصہ سے ۱۰ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔ ہر سوال کا جواب پانچ تا آٹھ جملوں سے زیادہ نہ ہو۔

سوال نمبر۲:۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے پانچ القابات جو سورۂ احزاب میں مذکور ہیں، تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۳: [illegible]

www.ilmkidunya.com